# 07-04-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔مرکزی وزیر نے پٹرول اور ڈیزل پر ایکسائز ڈیوٹی میں فی لیٹر 2 روپے اضافہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

۲۔انفورمیشن ٹکنالوجی اور صنعتوں کے وزیر ڈی سریدھر بابو نے کہا ہے کہ تلنگانہ کی حکومت نے دو لاکھ آرٹیفیشل انٹلیجنس انجینئرس کو ٹریننگ دینے کا نشانہ مقرر کیا ہے۔

۳۔تلنگانہ قانون ساز کونسل کے نو منتخب ارکان نے آج حلف لے لیا۔

اور

۴۔حیدرآباد سنٹرل یونیورسٹی کے قریب رنگاریڈی ضلع کے کانچہ گچی باؤلی جنگلاتی علاقہ میں درختوں کی کٹوائی سے متعلق مختلف عرضیوں کی سماعت آج تلنگانہ ہائی کورٹ نے اس مہینہ 24 تاریخ تک ملتوی کردی۔

## OATH:

تلنگانہ قانون ساز کونسل کے نو منتخب ارکان نے آج حلف لے لیا۔ ٹیچر اور گریجویٹ حلقوں اور ایم ایل اے کوٹہ سے منتخب ارکان کو کونسل کے چیرمین جی سکھیندر ریڈی نے حلف دلایا۔ ایم ایل اے کوٹہ کے تحت بلا مقابلہ منتخب ارکان میں کانگریس کے قائدین وجئے شانتی، ادنکی دیاکر اور شنکر نائک، سی پی آئی کے نیلی کنٹی ستیم اور بی آر ایس کے داسوجو سراون شامل ہیں۔ کریم نگر گریجویٹ اور ٹیچر حلقوں سے کونسل کے لئے بی جے پی کے امیدوار انجی ریڈی اور مالکا کومریا منتخب ہوئے تھے۔ کھمم ٹیچر حلقہ سے پی آر ٹی یو کے سری پال ریڈی نے کامیابی حاصل کی تھی۔ تاہم آج صرف 7 ایم ایل سیز نے حلف لیا۔ بی آر ایس نے کہا کہ داسوجو شراون کسی اور دن حلف لیں گے۔ حلف برداری کی تقریب میں ریاستی وزیر ڈی سریدھر بابو، مرکزی وزیر جی کشن ریڈی، ارکان پارلیمنٹ ڈاکٹر کے لکشمن رگھونندن راؤ، ایم ایل سی اوینا ش ریڈی اور دوسروں نے شرکت کی۔

## IPL:

آئی پی ایل 20-20 کرکٹ میں آج ممبئی انڈینز کا مقابلہ رائل چیالنجرس بنگلور سے ہوگا۔ یہ میاچ ممبئی کے وانکھیڑے اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔ میاچ کی شروعات شام ساڑھے سات بجے ہوگی۔ حیدرآباد میں کل رات کھیلے گئے میاچ میں گجرات ٹائٹنس نے سن رائزر حیدرآباد کو 7 وکٹ سے شکست دی۔

JITENDRA - CSIR:

سائنس وتکنالوجی کے مملکتی وزیرڈاکٹر جتندر سنگھ نے ادویات کی کھوج، جنیٹک ڈائیگناسٹک اورکم لاگتی اے پی آئیز کی تیاری میں حیدرآباد میں واقع سی ایس آئی آر اداروں کے اہم رول کی ستائش کی ہے۔انہوں نے حیدرآباد میں سی ایس آئی آر کی تین اہم لیباریٹریز کے ڈائرکٹرس کے ساتھ ایک جائزہ اجلاس منعقد کیا۔جس میں اِن اداروں کی جانب سے سائنسی شعبہ میں انجام دی گئی خدمات کا تجزیہ کیا گیا۔حیدرآباد میں واقعہ سی ایس آئی آر کی لیباریٹریز اسٹارٹ اَپ کانکلیو 2025ء کی میزبانی کریں گی جس کا مقصد سائنس وتکنالوجی کے شعبہ میں ابھرنے والی نئی کمپنیوں کو ایک پلیٹ فارم فراہم کرنا ہے۔اس اجلاس میں آئی آئی سی ٹی کے ڈائرکٹر ڈاکٹر ڈی سرینواس ریڈی، این جی آر آئی کے ڈائرکٹر ڈاکٹر پرکاش کماراورسی سی ایم ڈی کے ڈائرکٹر ڈاکٹر ونئے نندی کوری نے شرکت کی۔ایک سرکاری بیان میں کہا گیا کہ اس اجلاس کے دوران ہرادارہ نے اپنی اہم کامیابیوں اور تحقیقی نتائج کو اجاگر کیا۔ڈاکٹر سرینواس ریڈی نے بتایا کہ ادویات سازی اور کیمیکل شعبوں میں آئی آئی سی ٹی نے کئی اہم مساعیاں شروع کی ہیں۔ڈاکٹر ونئے نندی کوری نے جینٹک تحقیق میں سی سی ایم بی کی کامیابیوں کا تذکرہ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ سی سی ایم بی، ڈی این اے فنگر پرنٹنگ بنانے والا پہلا ہندوستانی ادارہ ہے۔اس انسٹیٹیوٹ نے سکل سیل انیمیا کی تشخیص کیلئے ایک کم لاگتی طریقہ کار بھی تیار کیا ہے۔ڈاکٹر پرکاش کمار نے بتایا کہ این جی آر آئی نے ان علاقوں کی تفصیل تیار کی ہے جہاں زلزلہ کا خطرہ ہوسکتا ہے۔

PIL:

حیدرآباد سنٹرل یونیورسٹی کے قریب رنگاریڈی ضلع کے کانچہ گچی باؤلی جنگلاتی علاقہ میں درختوں کی کٹوائی سے متعلق مختلف عرضیوں کی سماعت آج تلنگانہ ہائی کورٹ نے اس مہینہ 24 تاریخ تک ملتوی کردی۔ نگرانکار چیف جسٹس جسٹس سوجئے پال اور جسٹس رینوکا یارا پر مشتمل ڈویژن بنچ کو اطلاع دی گئی کہ آج ریاستی حکومت کی جانب سے جوابی حلف نامہ پیش کیا جانا تھا لیکن اسے پیش نہیں کیا گیا ہے۔400 ایکڑ زمین کو آئی ٹی انفرااسٹرکچر کیلئے الاٹ کرتے ہوئے حکومت نے جو حکم نامہ جاری کیا تھا اس کو چیالنج کرتے ہوئے واٹا فاؤنڈیشن نے ایک عرضی دائر کی ہے۔ہائی کورٹ ایک وظیفہ یاب سائنسداں کے بابوراؤ کی جانب سے دائر کی گئی مفادِ عامہ کی عرضی کی بھی سماعت کررہی ہے۔اس کے علاوہ اسٹوڈنٹس یونین نے ایک عرضی دائر کرتے ہوئے دعویٰ کیا ہے کہ یہ زمین یونیورسٹی کی ملکیت ہے۔

SRIDHAR BABU:

انفورمیشن ٹکنالوجی اور صنعتوں کے وزیر ڈی سریدھر بابو نے کہا ہے کہ تلنگانہ کی حکومت نے دو لاکھ آرٹیفیشل انٹلیجنس انجینئرس کو ٹریننگ دینے کا نشانہ مقرر کیا ہے۔ سنگاپور کے ایک وفد نے جس کی قیادت قونصل جنرل ایڈگر پنگ کررہے تھے آج سکریٹریٹ میں ریاستی وزیر سے ملاقات کی۔ اس اجلاس کے دوران سریدھر بابو نے تلنگانہ کو ابھرتی ہوئی ٹکنالوجیوں کے مرکز کی حیثیت سے ترقی دینے کے لئے کئے جارہے اقدامات کا تذکرہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ ریاستی حکومت نوجوانوں کو ہنرمند بنانے کا عزم رکھتی ہے تاکہ وہ روزگار کے مواقع سے استفادہ کرسکیں۔ سریدھر بابو نے عالمی سطح کے پراجکٹ فیوچر سٹی اوراس کے اندر قائم کی جانے والی اے آئی یونیورسٹی کے منصوبہ سے سنگاپور کے وفد کوواقف کرایا۔

KAMAREDDY:

کاماریڈی ضلع کے پنچایت آفیسر نے تلنگانہ اسٹیٹ لیگل سرویس اتھارٹی کی جانب سے تربیت یافتہ کمیونٹی میڈیشن والینٹرس کو اجازت دی ہے کہ وہ گرام پنچایتوں کے میٹنگ ہالس کو کمیونٹی میڈیشن کیلئے استعمال کریں۔ تلنگانہ ہائی کورٹ کے نگران کار چیف جسٹس اور لیگل سرویس اتھاریٹی کے اکزیکیٹو چیرمین سوجئے پال اور ہائی کورٹ کے جج اور کاماریڈی ضلع کے اڈمنسٹریٹیو جج جسٹس پلا کارتک نے بارہویں کمیونٹی میڈیشن سنٹر کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر جسٹس پی کارتک نے کہا کہ کمیونٹی میڈیشن سنٹر بنیادی سطح پر تنازعات کی یکسوئی کی سمت ایک قدم ہے۔

WORLD HEALTH DAY:

صحت اور صحت مندانہ عادتوں کے بارے میں بیداری پیدا کرنے کے لئے آج دنیا بھر میں عالمی یوم صحت منایا جارہا ہے۔ عالمی صحت تنظیم نے ماؤں اور نوزائدہ بچوں کی اموات کو روکنے کے لئے اس سال یوم صحت تقاریب کا موضوع صحت مندانہ شروعات اور پرامید مستقبل قرار دیا ہے۔ اس موقع پر وزیراعظم نریندر مودی نے ایک صحت مند دنیا کی تعمیر کیلئے اپنے عہد کا اعادہ کیا۔ مرکزی مملکتی وزیر صحت و خاندانی بہبود انوپریا پٹیل نے صحت کے شعبہ میں ملک کی قابل ستائش کامیابیوں کو اجاگر کیا۔

SOUND BYTE ANUPRIYA PATEL

SC- WAQF

سپریم کورٹ نے وقف ترمیمی ایکٹ 2025ء کے دستوری جواز کو چیالنج کرتے ہوئے دائر کی گئی عرضیوں کی فوری سماعت سے اتفاق کرلیا ہے۔ چیف جسٹس سنجیو کھنا اور جسٹس سنجے کمار اور جسٹس کے وی وشوانا تھن پر مشتمل بنچ نے جمعیت العلمائے ہند کی نمائندگی کرنے والے سینئر وکیل کپل سبل کی درخواست کا نوٹ لیا۔ کپل سبل نے کہا کہ اس مسئلہ پر کئی عرضیاں دائر کی گئی ہے اوران کی فوری سماعت کی جانی چاہئے۔ کپل سبل کے علاوہ سینئر وکیل ابھیشیک سنگھوئی اور نظام پاشاہ نے بھی دیگر عرضیوں پر فوری سماعت کی درخواست کی۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں گرما گرم مباحث کے بعد منظور کیئے گئے وقف ترمیمی بل 2025ء کو منظوری دے دی ہے۔

EXCISE DUTY

مرکزی وزیر نے پٹرول اور ڈیزل پر ایکسائز ڈیوٹی میں فی لیٹر 2 روپے اضافہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ تاہم آئیل مارکیٹنگ کمپنیوں نے وضاحت کی ہے کہ پٹرول اور ڈیزل کی ریٹل قیمت میں کوئی اضافہ نہیں ہوگا۔ پٹرولیم اور قدرتی گیس کے وزیر ہردیپ سنگھ پوری نے دہلی میں میڈیا کے نمائندوں کو بتایا کہ ایکسائز ڈیوٹی میں اضافہ کا بوجھ صارفین پر نہیں ڈالا جائے گا۔

Sound Byte.

مرکزی وزارتِ فینانس کی جانب سے جاری کئے گئے نوٹیفکیشن کے مطابق ان دو مصنوعات پر ایکسائز ڈیوٹی میں اضافہ کل سے ہوگا۔ مرکزی وزیر نے کہا کہ ایل پی جی سلنڈر کی قیمت میں کل سے 50 روپے کا اضافہ کیا گیا ہے۔

OO